احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 9 جولائی 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 9 جولائی 2008ء 5 رجب 1429 ہجری 9 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 155

## رسولؐ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔
جو اس رسول کی پیروی کرے تو اس نے اللہ کی پیروی کی اور جو پھر جائے تو ہم نے تجھے ان پر محافظ بنا کر نہیں بھیجا۔

(النساء:81)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر خدا تعالیٰ کا نہایت فضل ہے کبھی وہ شخص لوگوں کے سامنے شرمندہ نہیں ہوگا جو اس نبی مقبول کا سچا تابع ہے۔ (نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 121)

ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اس پاک نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔ (نسیم دعوت۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 263)

دنیا میں ایک عظیم الشان نبی انسانوں کی اصلاح کے لئے آیا یعنی سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس نے اس سچے خدا کی طرف لوگوں کو بلایا جس کو دنیا بھول گئی تھی۔

(نسیم دعوت۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 366)

میرا یہی مذہب ہے کہ جس قدر فیوض اور برکات کوئی شخص حاصل کرسکتا ہے اور جس قدر تقرب الی اللہ پاسکتا ہے وہ صرف اور صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اطاعت اور کامل محبت سے پاسکتا ہے ورنہ نہیں۔ آپؐ کے سوا اب کوئی راہ نیکی کی نہیں۔ (لیکچر لدھیانہ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ:260)

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سید ومولیٰ (اس پر ہزار سلام) اپنے افاضہ کے رو سے تمام انبیاء سے سبقت لے گئے ہیں۔ (چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 389)

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت انسانی فطرت کے انتہا تک پہنچی ہوئی ہے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 156)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا زمانہ قیامت تک ممتد ہے اور آپ خاتم الانبیاء ہیں۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 90)

## عطیہ برائے گندم

❁ ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کارخیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کارخیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 200-4550/3 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔
(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم)

## واقفین نو توجہ فرمائیں

❁ امسال جماعت نہم کا امتحان دے کر جماعت دہم میں پہنچنے والے واقفین نو مورخہ 11 جولائی 2008ء کو بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ سے قبل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں تشریف لائیں۔ امراء کرام صدر صاحبان سیکرٹریان وقف نو کی خدمت میں درخواست ہے کہ ان واقفین نو کو مقررہ تاریخ پر ربوہ بھجوانے کا انتظام فرما کر ممنون فرمائیں۔
(وکیل وقف نو)

## اعلان امتحان وظائف

(لجنہ اماء اللہ پاکستان)

❁ لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تحت مورخہ 10 اگست 2008ء کو امتحان وظائف لجنہ ہال میں منعقد ہوں گے۔ اپنے نام یکم اگست تک دفتر لجنہ اماء اللہ پاکستان میں بھجوادیں۔ (سیکرٹری تعلیم)

## اعلان امتحان بسلسلہ خلافت جوبلی

(چوتھی سہ ماہی)

❁ لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تحت ''خلافت حقہ ......'' اور ''نظام آسمانی کی مخالفت اور اس کا پس منظر'' کا امتحان مورخہ 31 اگست 2008ء کو صبح 10:00 تا 12:00 بجے امتحانی مراکز میں ہوگا۔ تمام ممبرات سے اس میں شمولیت کی درخواست ہے۔
(سیکرٹری تعلیم)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

## حضرت خلیفۃ المسیح الاول (حالات اور خدمات)

نمبر 5

**سوال:** حضور نے ایک خاص درس میں شامل ہونے والوں کے لئے دعا اور جنت کی بشارت کب دی۔
**جواب:** 10 مارچ 1912ء کو۔
**سوال:** حضور نے اپنے حالات وسوانح کب لکھوائے۔
**جواب:** فروری تا جون 1912ء۔ جو اسی سال کے آخر میں مرقاۃ الیقین کے نام سے شائع ہوئے۔
**سوال:** خطبات نور کی اشاعت کب ہوئی۔
**جواب:** جولائی 1912ء میں۔ اس کا دوسرا حصہ نومبر میں شائع ہوا۔
**سوال:** حضور نے مدرسہ تعلیم الاسلام کی بنیاد کب رکھی۔
**جواب:** 25 جولائی 1912ء کو۔
**سوال:** حضور سے ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے خط وکتابت کب کی۔
**جواب:** دسمبر 1912ء میں۔
**سوال:** حضور نے بخاری شریف کا درس کب شروع فرمایا۔
**جواب:** مارچ 1913ء میں۔
**سوال:** الفضل کا اجرا کب ہوا اور اس کے پہلے ایڈیٹر کون تھے۔
**جواب:** 18 جون 1913ء کو اور اس کے پہلے ایڈیٹر حضرت مصلح موعود تھے۔
**سوال:** بیرون ہندوستان پہلے (مربی سلسلہ) کون تھے اور انہیں کہاں اور کب بھیجا گیا۔
**جواب:** حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب تھے۔ آپ کو جون 1913ء میں انگلستان بھیجا گیا۔
**سوال:** پیغام صلح کا اجراء کب ہوا۔
**جواب:** 10 جولائی 1913ء کو۔
**سوال:** اخبار ''بدر'' کے ساتھ کونسا ہفتہ وار عربی ضمیمہ شائع ہوتا رہا۔
**جواب:** مصالح العرب۔
**سوال:** حضور نے ایک خاص کیفیت میں پنجابی اشعار کب کہے۔
**جواب:** ستمبر 1913ء میں۔
**سوال:** اخبار بدر عیسائیت کے خلاف ایک مضمون لکھنے کی پاداش میں کب بند کیا گیا۔
**جواب:** 18 دسمبر 1913ء کو۔
**سوال:** حضور نے کب فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے اس بیماری میں مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ پانچ لاکھ عیسائی افریقہ میں احمدی ہوں گے۔
**جواب:** فروری 1914ء میں۔
**سوال:** حضور اپنی آخری بیماری کے ایام میں کب اور کن کی کوٹھی میں منتقل ہوئے۔
**جواب:** 27 فروری 1914ء کو حضرت نواب محمد علی خان صاحب کی کوٹھی دارالسلام میں منتقل ہوئے۔
**سوال:** حضور نے اپنی آخری وصیت کب فرمائی۔
**جواب:** 13 مارچ 1914ء کو۔
**سوال:** حضور کی آخری وصیت کن سے پڑھوائی گئی۔
**جواب:** مولوی محمد علی صاحب سے۔
**سوال:** حضور کی وفات کب ہوئی۔
**جواب:** 13 مارچ 1914ء کو دوپہر 2 بج کر بیس منٹ پر حالت نماز میں اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔
**سوال:** وفات کے وقت حضور کی عمر کیا تھی۔
**جواب:** تقریباً 73 سال۔
**سوال:** حضور کی اطاعت کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا۔
**جواب:** ہر ایک امر میں میری اس طرح پیروی کرتے ہیں جیسے نبض کی حرکت تنفس کی حرکت کی پیروی کرتی ہے۔ (آئینہ کمالات اسلام)۔
**سوال:** حضور کا جنازہ کب اور کس نے پڑھایا اور کہاں تدفین ہوئی۔
**جواب:** حضور کا جنازہ 14 مارچ 1914ء کو عصر کے بعد حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی نے پڑھایا اور بہشتی مقبرہ قادیان میں تدفین ہوئی۔

## محبت کا سفر

سو سال سے جاری جو محبت کا سفر ہے
یہ پاک مسیحا کی دعاؤں کا اثر ہے

منزل کے لئے سفرِ مسلسل بھی ہے جاری
اس راہِ محبت میں لگے زخم بھی کاری

اشکوں سے کبھی خون سے سینچا ہے چمن کو
تپتے ہوئے صحرا کو کبھی کوہ و دمن کو

نکلے تھے کبھی گھر سے کبھی اپنے وطن سے
کیا جرم ہوا پوچھ ذرا چرخِ کہن سے

سو سال سے افلاک نے دیکھے ہیں نظارے
بڑھتے ہوئے ہر سمت وہ طوفان کے دھارے

شکوہ نہ کبھی غیر سے کرتے ہیں شکایت
مولیٰ کی ہر اک آن جو حاصل ہے حمایت

اس راہ میں جو جان سے گزرا وہ امر ہے
انجام اگر یہ ہے تو کس بات کا ڈر ہے

**طارق بشیر**

## درخواست دعا

۞ مکرم رانا ساجد احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کافی دنوں سے اعصابی تکلیف کی وجہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم پروفیسر محمد رشید طارق صاحب جنرل سیکرٹری حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کا پوتا عزیزم دانیال احمد بعمر 2 سال بخار کی وجہ سے بیمار چلا آ رہا ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

4

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ امریکہ

## جلسہ سالانہ امریکہ سے حضور انور کا اختتامی خطاب، ہیومینیٹی فرسٹ کی ٹیم اور ترجمہ کمیٹی کو ہدایات اور میڈیا کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

## 22 جون 2008ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل میں نماز کے لئے حاصل کئے گئے ہال میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ حضور انور کی اقتداء میں قریباً اڑھائی صد مرد و خواتین نے نماز ادا کی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات دیں اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

## جلسہ سالانہ کا اختتامی اجلاس

آج جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ امریکہ کا آخری روز تھا۔ اختتامی اجلاس میں شرکت کے لئے پونے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل سے جلسہ گاہ کے لئے روانہ ہوئے۔ بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جلسہ گاہ پہنچے جونہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سٹیج پر تشریف لائے تو جلسہ گاہ نعروں سے گونج اٹھی۔ احباب نے بڑے پُرجوش نعرے لگائے۔

جلسہ سالانہ کے اس اختتامی اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ حافظ مبارک ککوئی صاحب نے تلاوت قرآن کریم پیش کی جس کا انگریزی ترجمہ اسد صاحب نے پیش کیا۔ بعدازاں مکرم منصور رفیق احمد صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام ع

نشاں کو دیکھ کر انکار کب تک پیش جائے گا

ترنم کے ساتھ پُرسوز آواز میں پیش کیا۔ جس کا بعد میں انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا۔

## تقسیم انعامات

بعدازاں تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے پانچ طلباء کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سندات اور گولڈ میڈل عطا فرمائے ایوارڈ حاصل کرنے والے طلباء میں عدیل خان صاحب، احمد خالد صاحب، سہیل حسین صاحب، مرزا غلام ربی صاحب اور احمد صادق باجوہ صاحب شامل ہیں۔

صد سالہ خلافت جوبلی کے ایک پروگرام کے تحت ’’خلافت‘‘ کے موضوع پر مقالہ لکھنے کے مقابلہ میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے ناصر، خادم اور طفل کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سندات اور انعام عطا فرمائے۔ انصاراللہ میں سے فہیم احمد طیب صاحب، خدام الاحمدیہ میں سے رضوان جٹالہ صاحب اور اطفال الاحمدیہ میں عزیزم نوشیرواں زاہد صاحب نے یہ سندات اور انعامات حاصل کئے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس خدام الاحمدیہ میں سالانہ کارکردگی کے لحاظ سے اول آنے والی مجلس کو علم انعامی عطا فرمایا اور دیگر مجالس اور ریجن کو مختلف پوزیشنیں حاصل کرنے پر سندات خوشنودی عطا فرمائیں۔

بعدازاں بارہ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اختتامی خطاب کا آغاز فرمایا۔

## حضور انور کا خطاب

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

آج میرے اس ایڈریس اور خطاب کے بعد جلسہ سالانہ امریکہ اختتام پذیر ہو رہا ہے۔ خلافت جوبلی کے حوالہ سے یہ جلسہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ امید ہے اس جلسہ نے ہر ممبر کو بہت سی برکات دی ہوں گی۔ جلسہ سالانہ کی اغراض جیسا کہ میں نے پہلے بھی اپنے خطابات میں بتایا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے یہ بیان کیا ہے تا کہ ہم روحانیت اور اخلاقیات میں اور علمی ترقی کریں۔ اس وجہ سے ہر ملک کا جلسہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔

حضور انور نے فرمایا اگر ہر جلسہ کی یہ اہمیت ہے تو پھر اس جلسہ کی خلافت جوبلی کے حوالہ سے کیا اہمیت ہے؟ ایک تو یہ ہے کہ ہر ملک نے جو جلسے کئے انہوں نے اپنے پروگراموں کو خلافت جوبلی کے حوالہ سے ترتیب دیا اور سپیشل پروگرام بنائے۔ جن میں اللہ تعالیٰ کے احسانات کو خلافت احمدیہ کے حوالہ سے بیان کیا گیا۔ اس وجہ سے ہر بڑے چھوٹے، نوجوان اور بوڑھے میں ایک جوش اور جذبہ ہے۔ اس وجہ سے ہمیں اللہ تعالیٰ کا بے حد شکرگزار بننا چاہئے۔ دوسرے یہ کہ یہ امریکہ کا پہلا جلسہ ہے جس میں میں بھی شرکت کر رہا ہوں جس کی وجہ سے بہت سے احباب جماعت اس میں شامل ہوئے ہیں۔ اس وجہ سے اس جلسہ کی بہت اہمیت ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت ہر لحاظ سے ترقی کر رہی ہے۔ اس لئے بھی ہمیں یہ جلسہ اظہار تشکر کے طور پر کرنا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا اس جلسہ کی کامیابی تبھی ماپی جاسکتی ہے کہ جب ہر شخص جو یہاں سے واپس جائے اس عہد کے ساتھ واپس جائے کہ ہم اپنے اندر ایک تبدیلی لائیں گے جو کہ مذہبی، روحانی اور اخلاقی تبدیلی ہوگی اور یہ تبدیلی پہلے سے زیادہ نمایاں ہوگی۔ عمومی طور پر ہم تقاریر سنتے ہیں اور اس کا فائدہ صرف سننے کی حد تک رہتا ہے۔ اس پر عمل نہیں کرتے۔ اگر عمل کریں بھی تو کچھ عرصہ کے بعد بھول جاتے ہیں۔ دنیاوی امور دینی امور پر حاوی ہو جاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا خلافت جوبلی کے حوالہ سے اگر اس جلسہ سے آپ نے کچھ سیکھا ہے۔ آپ کے جذبات اور آپ کے احساسات میں اور آپ کی ذات میں تبدیلی پیدا ہوئی ہے تو پھر آپ کو مبارک ہو۔ اس کا پھر مطلب یہ ہے کہ خلافت جوبلی کے جلسہ اور میرے یہاں آنے کی اہمیت کو آپ نے سمجھ لیا ہے۔ اس طرح ایک تجدید عہد کے ذریعہ آپ کی اخلاقی اقدار میں تبدیلی آنی چاہئے اور یہ عہد میں نے آپ سب سے 27 مئی کو لیا تھا اس لئے ایک بڑی تبدیلی اور نمایاں تبدیلی ہونی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا سو سال پہلے آپ کے آباء و اجداد نے ایک انقلابی تبدیلی پیدا کی تھی تو پھر وہ تبدیلی کیسی تھی جو انہوں نے اپنے اندر اور اپنے ماحول میں پیدا کی۔ کیا وہ کوئی ایسا خونی قسم کا جہاد تھا یا تشدد تھا۔ وہ تبدیلی اور انقلاب وہ تھا جس کی بہترین مثال آنحضرت ﷺ تھے۔ اب ایسی نمایاں تبدیلی اور انقلاب لانے کے لئے عملی طور پر کیا ہونا چاہئے۔ اس کے لئے اپنی زندگی دینی ہوگی اور خداتعالیٰ کے سامنے جھکنا ہوگا۔ ہمارے بزرگوں نے یہ نمونہ اپنایا اور اس کا پھل ہم قریباً دو سو ملکوں میں پھیلتا دیکھ رہے ہیں اور یہ لوگ ایسے نہیں تھے کہ ان کے پاس کوئی بہت زیادہ وسائل تھے۔ اس کے باوجود انہوں نے ایسا انقلاب اپنے اندر پیدا کیا کہ ان کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ سینکڑوں ایسے لوگ ہماری جماعت میں داخل ہیں جن کے بدن پر مشکل سے کپڑا ہوتا ہے یا مشکل سے پاجامہ وغیرہ ہوتا ہے جن کے پاس کوئی جائیداد بھی نہیں ہے اور ان کے چہروں سے خلوص ٹپکتا ہے۔ وہ اپنے ایمانوں میں پکے ہیں اور حق و صداقت پر بہت مضبوطی سے قائم ہیں اور استقامت رکھتے ہیں کہ اگر امیر اور دولتمند کو اس کا احساس ہو جائے تو وہ بھی اپنی ساری چیزوں سے دستبردار ہو جائیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ میں سے بہت سے ایسے ہوں گے جو ان رفقاء حضرت مسیح موعود کی اولاد ہیں۔ آپ لوگ آج ان نعمتوں کے مزے لوٹ رہے ہیں۔ اس لئے آپ میں سے ہر ایک احمدی کو اخلاق اور روحانیت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کی کوشش کرنی چاہئے اور یہ مقام بغیر دعاؤں کے حاصل نہیں ہوگا۔ آپ پر یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے کہ آپ کو کامیابیاں دی ہیں۔

افریقہ کے دورہ کا ذکر کرتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بہت سے لوگ بڑی قربانیاں کر کے جلسہ میں شامل ہونے کے لئے پہنچے تھے۔ بعض ہمسایہ ممالک سے بھی جو لوگ آئے حقیقت میں بہت سے ایسے تھے جن کے پاس کرایہ تک نہ تھا اور کچھ ایسے تھے جن کے پاس کپڑے بھی نہ تھے۔ جو کچھ بھی ان کے پاس تھا۔ اسی میں چلچلاتی دھوپ اور گرمی میں انہوں نے گزارہ کیا۔ یہ حالت دیکھ کر ایک آدمی حیران رہ جاتا ہے کہ ان حالات میں بھی وہ اپنے اخلاص کو بڑھانے میں لگے رہتے ہیں اور دوسری طرف دل خوشی سے بھی بھر جاتا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے جلسہ سے حقیقت میں فائدہ اٹھایا۔ پس اگر آپ بھی اس جلسہ میں اس لئے شامل ہوئے ہیں کہ یہ جوبلی کا جلسہ ہے تو آپ کو بھی یہ عہد کرنا چاہئے کہ اسے آپ اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں گے۔

حضور انور نے فرمایا۔ خدا ہی غیب کو جانتا ہے۔ میں تو نہیں جانتا کہ آپ میں کس کس نے اس جلسہ سے کتنا فائدہ اٹھایا ہے لیکن میں توقع رکھتا ہوں کہ اس روحانی ماحول سے ہر ایک نے فائدہ اٹھایا ہوگا۔ کوئی بھی کمزوری سے بچا ہوا نہیں ہے۔ شیطان کا حملہ ہر وقت ہوسکتا ہے اس لئے مستقل جدوجہد کی ضرورت ہے۔ جلسہ میں مقررین نے جو تقریریں کیں اور میرے خطابات یہ سب اسی کوشش کا ایک حصہ ہیں کہ یاددہانی کرائی جائے اور روحانیت و اخلاقیات کے معیار کو بڑھایا جائے۔

حضور انور نے فرمایا مقررین کے الفاظ اور نہ ہی میرے الفاظ آپ پر کوئی اثر کر سکتے ہیں جب تک کہ کوئی ذاتی طور پر کوشش کر کے اپنے دل کو اس کام کے لئے تیار نہ کرے۔

حضور انور نے قرآن کریم کی آیت انك لا تهدی ......تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ یہ آنحضرت ﷺ کو فرمایا گیا ہے تو پھر اور کون ہے؟ جو از خود کسی کو ہدایت دے سکتا ہے۔ ہمارا کام صرف نصیحت کرنا ہے اور پیغام کو پہنچا دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت ہر لحاظ سے اخلاق، روحانیت اور ایمان میں ترقی کر رہی ہے جو کہ نہ صرف حیران کن ہے بلکہ دشمنوں کو بھی حیرت میں ڈال رہا ہے۔ ہزاروں لوگ ایسے ہیں جو اپنے ایمانوں اور اخلاص میں بڑھ رہے ہیں۔ لیکن بشری کمزوری کی وجہ سے بعض اوقات وہ دنیاوی امور میں بھی اس قدر پھنس جاتے ہیں کہ مذہب نظرانداز ہو جاتا

ہے۔ اگر آپ اس جلسہ کا مستقل طور پر اثر لینا چاہتے ہیں تو پھر آپ میں سے ہر ایک اللہ کے حضور جھک کر دعائیں کرے اور اپنے اندر ایک انقلاب پیدا کرے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا کرے یہ خلافت جوبلی کا جلسہ ہر شخص کے اندر جو حضرت مسیح موعود کی جماعت میں داخل ہے، احساسات پیدا کر دے اور یہ احساس پیدا ہو کہ ہر چھوٹا اور بڑا برائیوں سے اپنے آپ کو بچائے گا اور یہ ممکن نہیں ہو سکتا جب تک کہ خدا کا فضل شامل حال نہ ہو۔ اس کے لئے بہت زیادہ عزم کی بھی ضرورت ہے۔

حضور انور نے فرمایا حضرت مسیح موعود نے ہماری توجہ اپنے نفس کی پاکیزگی کی طرف دلائی ہے اور بتایا کہ انسان کسی جگہ کھڑا نہ ہو بلکہ سیڑھیوں پر چڑھتا چلا جائے اور جب یہ صورت ہو جائے تو پھر تمہارے اور غیروں میں ایک امتیاز پیدا ہو جائے گا اور وہ کیا ہے؟ وہ یہی سلسلہ نظام خلافت ہے جو تمہیں اوروں سے ممتاز کرتا ہے۔ یہ ایسی نعمت ہے کہ دوسرے لوگ اس بات کو محسوس کر رہے ہیں۔ اخباروں کے کالم اس بات پر لکھے جا رہے ہیں کہ بقاء کے لئے خلافت کا نظام ضروری ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس زمانہ میں اگر کوئی جماعت خلافت کے نظام کو لئے ہوئے ہے تو وہ مسیح پاک کی جماعت ہے۔ پس حضرت مسیح موعود کے ساتھ عہد بیعت کرنے پر ہر احمدی کا آج یہ فرض ہے کہ وہ اس نعمت کے دفاع کے لئے ایستادہ رہے اور ہمیشہ وہ کام کرتا رہے جو اس نعمت کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ اس کے لئے حضرت مسیح موعود نے نفس کی پاکیزگی کو ضروری قرار دیا ہے۔ اس لئے جس نے بھی بیعت کی ہے۔ اسے چاہئے کہ وہ اپنے نفس کی پاکیزگی کے لئے کوشش کرے۔

حضور انور نے فرمایا قوی ایمان اور اعمال صالحہ کے بغیر نفس کی پاکیزگی ناممکن ہے۔ جب تک انسان اپنے نفس کو پاک کر کے اپنی نفسانی برائیوں کا سد باب نہیں کرتا وہ خدا تعالیٰ کے موعود انعام سے حصہ نہیں پا سکتا۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ منہ کی باتیں اور علم کچھ فائدہ نہیں دیتے جب تک کہ تم اپنے اعمال کی اصلاح نہ کرو۔

حضور انور نے فرمایا کہ وہ علم جو خلافت سے وابستگی اور اس کی فرمانبرداری کی راہ میں حائل ہے۔ انسان کو خدا تعالیٰ کے انعامات سے محروم کر دیتا ہے۔ احمدیت کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ بڑے بڑے عالم جب خلافت سے علیحدہ اور منقطع ہوئے تو بربادی ان کا مقدر ہو گئی۔ پس نفس کی پاکیزگی خدا تعالیٰ کے انعام کا حقدار بننے کی لئے ضروری ہے۔ جیسا کہ آیت استخلاف میں خدا تعالیٰ کا وعدہ ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے۔ پس ایمان اور عمل صالح دو بنیادی امور ہیں جس کے بعد خدا تعالیٰ کے انعام اور ترقی کا وعدہ ہے۔ جماعت اور خلیفہ وقت کی دعائیں ہی انسان کی خوف کی حالت کو امن کی حالت میں تبدیل کر سکتی ہیں۔ خلافت احمدیہ کے گزشتہ ایک سو سال میں اس وعدہ کو بڑی شان سے ہم کئی بار پورا ہوتے دیکھ چکے ہیں۔ جماعت اور خلافت کے خلاف بارہا دشمنان دین صف آراء ہوئے اور ہر طرف سے حملوں کی بوچھاڑ ہوئی مگر خدا تعالیٰ نے فتح جماعت کو عطا فرمائی۔ حتیٰ کہ مخالفین کو بھی اقرار کرنا پڑا کہ اس جماعت کے ساتھ خدا تعالیٰ کی تائید شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ سورۃ البقرہ میں فرماتا ہے کہ خوشخبری دے ان لوگوں کو جو اعمال صالحہ بجالائے کہ ان کے لئے باغات ہیں جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ایمان کا تعلق اعمال صالحہ سے اسی طرح ہے جیسے باغات کا نہروں اور چشموں سے ایمان، عمل صالح کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اعمال صالحہ کی مزید تفصیل بیان کرتے ہوئے آپ مزید فرماتے ہیں کہ یہ وہ اعمال ہیں جو نفس پرستی، تکبر اور نمود و نمائش کی آلائش سے پاک ہوں۔ ''صالح'' لفظ ''فساد'' کی ضد ہے۔ پس اعمال صالحہ ان تمام اعمال سے مستغنی ہیں جو فساد کا باعث بن سکتے ہیں۔ ہم تبھی خدا تعالیٰ کے وعدہ کے حقدار ہو سکتے ہیں جب اپنا جائزہ لیں اور اپنی کمزوریوں پر نظر ڈالیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ایمان، حصول عرفان اور نماز کی طرف خصوصیت سے توجہ دلائی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

''اپنی نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیان کی نماز کی بھی''۔

حضور انور نے صلوٰۃ وسطیٰ کے بارہ میں فرمایا کہ ایسی نماز جس کا وقت مصروفیت کے درمیان آئے۔ وہ نماز جو بندے اور اس کی دنیاوی ضروریات کی راہ میں حائل ہو۔ اس پر خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ خدا تعالیٰ عالم الغیب ہے۔ اس کے علم میں تھا کہ انسان پر ایسا زمانہ آئے گا جب وہ دنیا کی رنگینیوں میں کھو جائے گا اور نماز کو بھول جائے گا۔ اس لئے بارہا اس کی حفاظت کا خدا نے ذکر فرمایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا خطبہ جمعہ اور نماز جمعہ کی اہمیت سورۃ جمعہ میں بیان فرمائی گئی ہے تا کہ انسان محض دنیاوی ہی نہیں بلکہ روحانی برکات سے بھی فیضیاب ہو اور اپنے لئے بہترین زادراہ تیار کر سکے۔ نماز فحشاء سے روکتی ہے۔ گناہ اور اعمال صالحہ ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتے۔ نماز میں کمال حاصل کرنے سے انسان کو خدا کا قرب اور اس کی محبت عطا ہوتی ہے اور اس کے بغیر وہ ایسے درخت کی مانند ہے جس کی جڑ کاٹ دی گئی ہو۔

حضور انور نے فرمایا ہر احمدی جب خلافت کے سو سال پورے ہونے کا جشن منائے اور نئی صدی میں قدم رکھے تو یہ عہد کرے کہ وہ تقویٰ اور طہارت نفس میں ترقی کرے گا۔

حضور انور نے انفاق فی سبیل اللہ پر زور دیا اور فرمایا امریکہ کی جماعت اس میدان میں خدا تعالیٰ کے فضل سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ اس جماعت نے ثابت کیا ہے کہ یہ خلیفہ وقت کی آواز پر لبیک کہنے میں تاخیر نہیں کرتی۔

حضور انور نے فرمایا اگر تم کبیرہ گناہوں سے اپنی حفاظت کر لو تو خدا تعالیٰ تمہاری تمام کمزوریاں دور کر دے گا۔ سچ بولو اور جھوٹ سے پرہیز کرو۔ کسی کی برائی کا سرعام تذکرہ نہ کرو بلکہ علیحدگی میں اس شخص کو نیکی کی ترغیب دو۔ کینہ اور بغض سے اجتناب کرو۔ آپس میں محبت اور اخوت کا پرچار کرو۔ ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھو۔ اپنے کمزور بھائیوں کو ہمدردی اور محبت کے ساتھ ترقی کی راہوں کی طرف بلاؤ۔ یہی ہمارے مسیح ومہدی کی آمد کا مقصد ہے۔

آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس دعا کے ساتھ اپنے خطاب کا اختتام فرمایا کہ خدا کرے کہ آپ سب اس جلسہ کی برکات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اللہ تعالیٰ تمام جماعت کو اپنے احکامات پر عمل کرنے اور اعمال صالحہ بجالانے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنے وعدہ کے مطابق تمام انعامات کا وارث بنائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ اختتامی خطاب سوا دو بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اختتامی دعا کروائی۔ جونہی دعا ختم ہوئی جلسہ گاہ فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی۔ احباب میں ایک جوش ایک ولولہ تھا جو امڈ کر باہر آ رہا تھا۔ ہر طرف سے نعرے بلند ہو رہے تھے۔ نوجوانوں کے ایک گروپ نے کورس کی شکل میں نظم پڑھی، بعد ازاں افریقن امریکن احمدیوں نے مل کر اپنے روایتی انداز میں نظمیں پیش کیں اور اپنی مخصوص طرز پر لا الٰہ الا اللہ کا ورد کیا۔

حضرت مصلح موعود نے 1920ء میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب کے امریکہ میں قید ہو جانے پر اپنے ایک پیغام میں فرمایا تھا کہ ''امریکہ ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔ امریکہ میں توحید کی صدا گونجے گی اور ضرور گونجے گی''۔

اللہ کے فضل سے امریکہ میں گزشتہ ایک صدی سے یہ صدا گونج رہی ہے۔ لیکن آج ایک نئی شان کے ساتھ گونجی ہے۔ دس ہزار سے زائد احباب، مرد و خواتین اور بچوں نے امریکہ کی سرزمین میں یک زبان ہو کر لا الٰہ الا اللہ کی صدا بلند کی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ صدا بلند کرنے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے اور ہر نئے آنے والے دن جماعت غلبہ حق کی شاہراہ پر مسلسل آگے بڑھ رہی ہے۔

## لجنہ کی جلسہ گاہ میں

بعد ازاں کچھ دیر کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لجنہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے جہاں خواتین نے بھرپور انداز میں پُر جوش نعروں کے ساتھ حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ بچیوں نے مختلف گروپس کی صورت میں ترانے اور نظمیں پیش کیں۔ افریقن امریکن احمدی خواتین اور بچیوں نے بھی کورس کی شکل میں نظمیں پیش کیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیس منٹ لجنہ جلسہ گاہ میں موجود رہے۔ یہ الوداعی لمحات تھے۔ جس کے بعد ان فیملیز نے اپنے گھروں کو رخصت ہو جانا تھا۔ خواتین اور بچیاں ان الوداعی لمحات میں لمحہ لمحہ برکتیں سمیٹ رہی تھیں اور مسلسل اپنے کیمروں میں حضور انور کے مبارک وجود اور ان خوش نصیب گھڑیوں کو محفوظ کر رہی تھیں۔ ہزار سے زائد کیمرے تھے جو مسلسل حضور انور کی تصاویر بنا رہے تھے۔ ہزاروں ایسی تھیں جن کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ انہوں نے اپنی زندگیوں میں پہلی بار اپنے پیارے آقا کو اتنا قریب سے دیکھا تھا اور پھر الوداع ہونے کا وقت بھی آ پہنچا تھا۔ اس پُرسوز ماحول میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے آئے اور ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سوا تین بجے واپس ہوٹل جانے کے لئے روانہ ہوئے۔ ساڑھے تین بجے حضور انور ہوٹل پہنچے اور اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

## واشنگٹن میں آمد

آج پروگرام کے مطابق Harrisburg سے واپس واشنگٹن کے لئے روانگی تھی۔ پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور روانگی سے قبل دعا کروائی اور آٹھ گاڑیوں پر مشتمل قافلہ بطرف واشنگٹن روانہ ہوا۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت الرحمٰن واشنگٹن تشریف آوری ہوئی۔ واشنگٹن اور اس ریجن کی جماعتوں کے احباب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے استقبال کے لئے جمع تھے۔ احباب نے نعرے بلند کرتے ہوئے اور اپنے ہاتھ ہلاتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

## ہیومینیٹی فرسٹ کی ٹیم کو ہدایات

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ پروگرام کے مطابق ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور ہیومینیٹی فرسٹ یو ایس اے کی ٹیم کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے باری باری ٹیم کے تمام ممبران کا تعارف حاصل کیا اور ان میں سے ہر ایک کے سپرد جو کام اور ذمہ داری ہے اس بارہ میں دریافت فرمایا۔ ہیومینیٹی فرسٹ کی ٹیم میں ڈاکٹرز، انجینئرز ویب ڈیزائنر اور دوسرے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ممبران موجود ہیں۔ اس ٹیم میں ایک مقامی

امریکن بھی شامل ہیں۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان سے دریافت فرمایا کہ کیا کبھی ہیومینیٹی فرسٹ کی ٹیم کے ساتھ کسی ملک میں گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ابھی نہیں گئے۔ پانچ چھ ماہ قبل شامل ہوئے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا کہ آپ کا فنڈ ریزنگ کا ٹارگٹ کتنا ہے۔ چیئر مین ہیومینیٹی فرسٹ یو ایس اے مکرم منعم نعیم صاحب نے بتایا کہ نصف ملین ڈالر کا ہے۔مختلف ریجنز میں واک (Walk) کے ذریعہ رقم اکٹھی کریں گے۔کوشش ہے کہ ہر واک کے پروگرام میں پچاس ہزار ڈالر اکٹھا ہو۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا صرف احمدی احباب سے وصول کرتے ہیں یا غیر از جماعت احباب بھی اس میں شامل ہوتے ہیں اور پھر ہر علاقہ کے لئے آپ نے جو پچاس ہزار ڈالر کا ہدف رکھا ہے کیا یہ اس علاقہ کی آبادی اور جماعت کی تعداد کے پیش نظر رکھا ہے یا سب کو ایک جیسا ٹارگٹ دیا ہے۔

حضور انور نے دریافت فرمایا جو دو چیریٹی واک ہو چکی ہیں ان میں کیا کامیابی ہوئی ہے۔ چیئر مین صاحب نے بتایا کہ کافی لوگ شامل ہوئے تھے۔دوسرے لوگ بھی شامل تھے لیکن بڑی تعداد احمدیوں کی تھی۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جو فنڈز جمع ہوں ان میں سے کچھ لوکل چیریٹیز کو بھی دینا چاہئے۔

بیرونی پراجیکٹ کے بارہ میں چیئر مین صاحب ہیومینیٹی فرسٹ نے بتایا کہ لائبیریا میں IT سنٹر شروع کیا ہوا ہے اور کامیابی سے چل رہا ہے اس کے علاوہ ایک کساوا پراجیکٹ شروع کیا ہے جس میں کساوا پراسسنگ مشین، ڈرائر اور دیگر مشینیں ہیں۔یہ مشینیں لائبیریا سے ہی حاصل کر کے وہیں انسٹال کی گئی ہیں جس کی وجہ سے غریب کسانوں کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ کسان ہمارے پاس RAW کساوا لے کر آتے ہیں اور پراسز کے بعد واپس لے جاتے ہیں اور پھر مارکیٹ میں فروخت کرتے ہیں۔ اب اسی طرح کے مزید پراجیکٹس لگانے کا بھی پروگرام ہے۔ Water For Life پروگرام کے بارہ میں دریافت کرنے پر چیئر مین صاحب نے بتایا کہ اس وقت انڈونیشیا میں اس پراجیکٹ پر کام ہو رہا ہے اور گزشتہ تین سالوں سے ہیومینیٹی فرسٹ یو ایس اے، انڈونیشیا میں Bagan Fishing Boats، سکول پراجیکٹس اور واٹر پراجیکٹس پر کام کر رہی ہے۔ایک ملین لوگوں کے لئے صاف پانی مہیا کیا جا رہا ہے۔

ہیومینیٹی فرسٹ کے کاموں کی رپورٹ دیتے ہوئے چیئر مین صاحب نے بتایا کہ گزشتہ دو سال سے فلاڈلفیا کے علاقہ میں کام کر رہے ہیں اور ہر ماہ ایک دفعہ ایک طے شدہ پروگرام کے تحت ایک ہزار ضرورتمند لوگوں کو پکا ہوا کھانا مہیا کرتے ہیں۔

St. Louis میں ایجوکیشن پروگرام میں مدد کر رہے ہیں۔اسی طرح سان فرانسسکو میں IT سکول میں مدد کر رہے ہیں۔ شکاگو میں بھی ایک سکول میں مدد دے رہے ہیں۔ نارتھ امریکہ میں بھی بعض آفت زدہ علاقوں میں شیلٹر قائم کئے تھے۔

چیئر مین صاحب ہیومینیٹی فرسٹ نے بتایا کہ غانا میں فلٹریشن پراجیکٹ کے لئے UNO میں گرانٹ کے لئے اپلائی کیا ہوا ہے۔اکرا (Accra) میں اس کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اکرا میں کسی دوسرے ہسپتال کی بجائے اپنے احمدیہ ہسپتال کو کیوں منتخب نہیں کرتے۔بعض ہسپتالوں میں لیبارٹری Test اور دوسری سہولتیں موجود ہیں ان کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر ہیومینیٹی فرسٹ کے ان ممبران کو بعض انتظامی ہدایات بھی دیں۔

ہیومینیٹی فرسٹ کے ساتھ یہ میٹنگ شام آٹھ بجے تک جاری رہی۔آخر پر ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

## انگریزی ترجمہ کمیٹی کے ساتھ میٹنگ

ہیومینیٹی فرسٹ کی میٹنگ کے بعد ''انگریزی ترجمہ کمیٹی'' کے ممبران کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔مکرم منیر الدین شمس صاحب ایڈیشنل وکیل التصنیف لندن بھی اس موقعہ پر موجود تھے۔

حضور انور نے ممبران کمیٹی سے کتب کے تراجم کے بارہ میں مختلف امور دریافت فرمائے اور کام کا جائزہ لیا۔

حضور انور نے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ ''تذکرہ'' کے انگریزی ترجمہ کی جو نظر ثانی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں۔اس کام کو دسمبر 2008ء تک مکمل کر کے طبع کروانے کی کوشش کی جائے۔ نیز حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ واقفین نو اور بالخصوص واقفات نو کو تراجم کرنے کے لئے تیار کیا جائے۔اس سلسلہ میں حضور انور نے امیر صاحب امریکہ کو ہدایت فرمائی کہ اردو اور انگریزی وغیرہ میں Masters کروانے کے لئے اچھی یونیورسٹیوں کا پتہ کیا جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ''انگریزی ترجمہ کمیٹی'' کی یہ میٹنگ پونے نو بجے تک جاری رہی۔ امریکہ میں اس کمیٹی کے انچارج مکرم منور احمد سعید صاحب ہیں اور ان کی ترجمہ ٹیم میں مختلف نوجوان خدام و لجنات شامل ہیں اور یہ ٹیم وکالت تصنیف لندن کی زیر نگرانی کام کر رہی ہے۔

میٹنگ کے آخر پر ٹیم کے ممبران کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے شرف مصافحہ عطا فرمایا۔

## ٹرینیڈاڈ کے وفد کے ساتھ ملاقات

بعد ازاں ٹرینیڈاڈ (Trinidad) سے جلسہ سالانہ یو ایس اے میں شامل ہونے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف ملاقات حاصل کیا ہے۔ٹرینیڈاڈ سے امیر و مربی انچارج ابراہیم بن یعقوب صاحب کی قیادت میں 22 افراد پر مشتمل وفد جلسہ میں شامل ہوا ہے جس میں نو مرد حضرات اور تیرہ خواتین شامل ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دوران گفتگو وفد کے ممبران کو دعوت الی اللہ کے کام کی طرف توجہ دلائی اور نئی بیعتوں کے بارہ میں دریافت فرمایا۔جس پر امیر صاحب نے بتایا کہ اس سال 114 بیعتیں ہو چکی ہیں۔حضور انور نے توجہ دلائی کہ ابھی بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔حضور انور نے وفد سے دریافت فرمایا کہ آپ کب چاہتے ہیں کہ میں ٹرینیڈاڈ آؤں جس پر امیر صاحب ٹرینیڈاڈ نے عرض کیا کہ حضور آئندہ سال تشریف لائیں۔

ملاقات کے آخر پر وفد کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوائی۔

اس ملاقات کے بعد ڈاکٹر خلیل احمد ملک صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ بعد ازاں تین فیملیز نے حضور انور سے ملاقات کا شرف پایا۔

ملاقاتوں کے اس پروگرام کے بعد نو بجکر پچیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت الرحمٰن تشریف لائے۔

## نکاحوں کا اعلان

مکرم داؤد احمد حنیف صاحب نائب امیر و مربی انچارج امریکہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے بارہ نکاحوں کا اعلان فرمایا۔نکاحوں کے اعلان کے بعد آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

## میڈیا کوریج

جماعت احمدیہ امریکہ کے اس تاریخ ساز جلسہ سالانہ کو پہلی مرتبہ اخبارات نے بڑے وسیع پیمانہ پر Coverage دی ہے اور جلسہ کے تعلق میں خبریں اور انٹرویوز شائع کئے ہیں۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پنسلوانیا کے اخبار "Lancasterp Intelligencer Journal" کی نمائندہ کو جو انٹرویو 19 جون 2008ء کو دیا تھا وہ اس اخبار نے اگلے روز اپنی 20 جون کی اشاعت میں شائع کیا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تصویر بھی شائع کی اور تصویر کے نیچے Caption دیتے ہوئے لکھا۔

''...... کے خلیفہ فارم شو کمپلیکس کے مقام پر خواتین کے جلسہ گاہ کا وزٹ کرتے ہوئے''۔اخبار نے لکھا:۔

......کا خلیفہ اس اختتام ہفتہ کے روز دنیا اور خاص طور پر Harrisburg کے لوگوں کے لئے ایک پیغام لا رہے ہیں۔افریقہ کا تین ہفتوں کا دورہ مکمل کرنے کے بعد احمدیہ ...... جماعت کے عالمی سربراہ مرزا مسرور احمد اب امریکہ کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں اور قریباً دس ہزار امریکن ...... اس اختتام ہفتہ کو ساٹھویں سالانہ کنونشن میں انہیں خوش آمدید کہیں گے۔

مرزا مسرور احمد نے اپنے پیغام میں کہا کہ ''تم اپنے خالق کو پہچان سکتے ہو جب تم اس کی مخلوق سے محبت کرتے ہو اور یہ پیغام خاص طور پر صرف امریکیوں کے لئے نہیں ہے۔یہ پیغام تمام دنیا کے لئے ہے جو مسیح موعود لائے ہیں''۔انہوں نے یہ ریمارکس ہیرس برگ پہنچنے پر جمعرات کی شام اپنے ایک خصوصی انٹرویو میں کہے''۔اگر ہر کوئی اس پیغام کو یاد رکھے اور اس پر عمل کرے تو دنیا میں دشمنی باقی نہ رہے۔لوگوں کے دل کینہ سے پاک ہو جائیں۔دنیا میں امن قائم کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔دنیا میں ایٹم بموں کی ضرورت نہیں۔اللہ تعالیٰ کی ہر مہیا کردہ چیز کو لوگوں کی بہتری کے لئے استعمال میں لایا جائے''۔

قبل ازیں جمعرات کی شام کو ''فارم شو کمپلیکس'' میں جب مرزا مسرور احمد پہنچے تو اس وقت سفید پگڑی، سلیٹی رنگ کی شیروانی اور سفید شلوار پہن رکھی تھی۔ آتے ہی انہوں نے سینکڑوں رضاکاروں سے مصافحہ کیا اور بچوں کو پیار کیا۔

اس اخبار نے مزید لکھا کہ مسرور احمد جو مسیح موعود کے پانچویں خلیفہ ہیں اور لندن کے رہائشی ہیں نے کہا کہ 2003ء میں خلیفہ منتخب ہونے کے بعد سے پہلی مرتبہ ان کی امریکہ آمد کا مقصد اپنے لوگوں سے ملنا اور ہر اس شخص سے ملنا جو انہیں ملنا چاہتا ہے۔احمد نے کہا کہ ان کا پیغام صرف یہی نہیں کہ تمام ......فرقے متحد ہو جائیں بلکہ وہ کہتے ہیں کہ تمام مذاہب کے لوگ آگے آئیں اور ہاتھ میں ہاتھ دیں۔جس شخص کے وہ منتظر تھے وہ مسیح دنیا میں تشریف لا چکے ہیں۔

اخبار نے مزید لکھا کہ احمدیہ ......کمیونٹی ایک مذہبی تنظیم ہے اور افریقہ، ایشیا، آسٹریلیا، یورپ اور شمالی و جنوبی امریکہ کے 185 سے زائد ممالک میں ان کی شاخیں ہیں۔ جماعت احمدیہ اس وقت ...... دنیا میں سب سے زیادہ Persecuted جماعت ہے۔

بعض احمدی احباب اور خواتین کا ریفرنس دیتے ہوئے اخبار نے لکھا کہ احمدی کا اپنے آپ کو مسلمان کہنا ایک جرم ہے۔مسلمان ملکوں میں دوسرے درجہ کے شہری ہیں تاہم مغربی دنیا میں ہمیں آزادی تقریر کی اجازت دی ہے۔

جماعت احمدیہ ہی دنیا میں ایک واحد ...... جماعت ہے جن کا ایک لیڈر ہے جو ان کو متحد رکھتا ہے۔مہمان نوازی کی ٹیم کی ایک خاتون ممبر نے کہا کہ میرے لئے تو ایک بہت ہی خوشی کی بات ہے کہ میرا ایک لیڈر ہے جن کی طرف میں روحانی ہدایت کے لئے رجوع کر سکتی ہوں۔خلیفہ کے لئے ہماری محبت

ہماری اپنے والدین اور خاندان کی محبت سے زیادہ ہے۔ ہماری محبت اللہ سے شروع ہوتی ہے جو کہ دنیاوی رشتوں سے بالا ہے۔

خلیفہ ہمارے محبوب ہیں۔ انہیں دیکھنے کی آرزو ہے۔ ایک محبت جوش زن ہے اور ایک طرح کی خوشی ہے کہ کب ہم ان سے ملیں گے۔

اخبار نے مزید لکھا کہ آج کا سیشن مردوں کی طرف نماز سے شروع ہوگا جو مسرور احمد پڑھائیں گے۔ عورتوں اور بچوں کے لئے علیحدہ جلسہ گاہ ہے وہ وہیں بیٹھے احمد کو ایک بڑی ٹی وی سکرین پر دیکھ سکیں گے۔ مسرور احمد کی تقاریر آج ایک بجے اور اتوار کو دس بجے بین الاقوامی سیٹلائٹ سٹیشن سے نشر کی جائیں گی۔ یہ تقاریر alislam.org پر بھی ملاحظہ کی جاسکیں گی"۔

جلسہ کی خبر دیتے ہوئے ہیرس برگ پنسلوانیا (Harrisburg Pennsylvania) کے ایک اخبار "The Patriot News" نے اپنی 25 مئی 2008ء کی اشاعت میں درج ذیل عنوان کے تحت لکھا۔

ایک ...... فرقہ کی کانفرنس میں امن بطور خاص موضوع بحث ہوگا۔

اس عنوان کے ساتھ اخبار نے لکھا کہ جب احمدیہ فرقہ کے ہزاروں لوگ کنونشن کے لئے ہیرس برگ میں جمع ہوں گے اس وقت دوسرے لوگوں کو بھی اس کنونشن میں شامل ہونے کے لئے دعوت عام ہے۔ احمدیہ...... جماعت...... کا ایک فرقہ ہے جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ مسیح موعود جن کی آمد کی پیشگوئی محمد ﷺ نے کی تھی وہ انیسویں صدی کے آخر پر مبعوث ہوئے۔ یہ جماعت گزشتہ 60 سال سے سالانہ کانفرنس کا انعقاد کرتی چلی آرہی ہے۔ پچھلے سالوں میں کانفرنس واشنگٹن کے آس پاس منعقد ہوتی تھی جن میں تقریباً سات ہزار تک شرکاء شامل ہوتے تھے۔ اس سال تعداد دس ہزار تک بڑھ جائے گی۔ اس لئے بڑی جگہ کے لئے فارم شو کمپلیکس حاصل کیا گیا ہے۔

اخبار نے مزید لکھا کہ احمدی فرقہ ...... ایک اصلاحی فرقہ کے طور پر معرض وجود میں آیا۔ 1984ء میں پاکستانی گورنمنٹ نے قانون پاس کیا جس کی رو سے احمدی، مسلمان نہیں کہلا سکتے اور انہیں اسلامی طریقہ سے عبادت کرنے کی اجازت نہیں۔ تاہم امریکہ میں احمدیوں اور سنیوں کے تعلقات مناسب طور پر اچھے ہیں۔ کھلی کھلی دشمنی اور مخالفت کے باوجود احمدی لٹریچر میانہ روی اور رواداری کی تلقین کرتا ہے۔

اخبار "The Paxton Herald" نے اپنی 11 جون 2008ء کے شمارہ جلسہ سالانہ اور حضور انور کی آمد کا ذکر کرتے ہوئے یہ عنوان لگایا۔

...... برائے امن کانفرنس۔ اس عنوان کے تحت اخبار نے لکھا تمام دنیا سے ...... 22,21,20 جون کو امریکہ اور خاص طور پر ہیرس برگ تشریف لا رہے ہیں۔ ایک ایسا سال جس میں کیتھولک اور بدھ عالمی رہنماؤں نے متحدہ ریاست امریکہ کا دورہ کیا۔ ...... کے خلیفہ بھی فارم شو کمپلیکس (Farm Show Harrisburg Complex) 22,21,20 جون کو تشریف لائیں گے۔ تقریباً دس ہزار امریکن ...... حضرت مرزا مسرور احمد کی یہاں پہلی مرتبہ آمد کا مشاہدہ کریں گے۔ ان کی یہاں آمد کا مقصد امن اور اتحاد کی ضرورت پر زور دینا ہے۔ آپ حضرت اقدس مسیح موعود کے پانچویں اور موجودہ خلیفہ ہیں اور عالمی سربراہ اعلیٰ ہیں۔ صد سالہ جوبلی کی تقریبات منانے کے لئے عالمی دورہ کر رہے ہیں۔ تین ہفتہ کا افریقہ کا دورہ کرنے کے بعد اب امریکہ آرہے ہیں۔ افریقہ میں انہوں نے غانا، بینن اور نائیجیریا کا دورہ فرمایا۔ جہاں انہوں نے امن اور اتحاد پر زور دیا اور وہاں مختلف جلسوں میں ایک لاکھ تک ...... حاضرین سے خطاب فرمایا۔

حضرت مرزا مسرور احمد آجکل اپنی اہلیہ اور بچوں اور دو نواسوں کے ہمراہ لندن میں مقیم ہیں۔ اس سال عالمی دورہ کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا میرا مقصد سادہ الفاظ میں اتنا ہی ہے کہ میں دنیا میں امن کی ترویج کروں۔ یہ ہمارا عظیم کام ہے کہ دنیا کے ہر انسان تک امن کے پیغام کی رسائی ہوسکے۔

اخبار "Intelligencer Journal" نے اپنی 14 جون 2008ء کی اشاعت میں لکھا کہ امریکہ کے ایک ...... گروپ کا ہیرس برگ میں اجتماع کا پروگرام ہے۔ کانفرنس جس کا کام امن کو فروغ دینا ہے۔ احمدی خاندانوں کے لئے یہ بہت اہم تقریب ہے اور خاندان شروع سال سے ہی ایک مرتبہ اس موقعہ پر اکٹھے ہونے کا پروگرام بنا رہے ہوتے ہیں۔ یہ کانفرنس جمعہ سے شروع ہوکر اتوار تک جاری رہے گی۔ یہ ساٹھویں کانفرنس ہے۔ یہ ایک بین الاقوامی کانفرنس کا روپ دھارے گی۔ اس میں پہلی مرتبہ جماعت کے عالمی سربراہ خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد بھی شریک ہونے کے لئے تشریف فرما ہوں گے۔

اخبار "The Patriot News" نے اپنی 22 جون 2008ء کے شمارہ میں لکھا کہ جماعت احمدیہ کی اس تین روزہ کانفرنس میں دس ہزار کے قریب لوگوں کے اجتماع کی امید تھی۔ ہفتہ کے روز بڑی تقریب امن کانفرنس تھی جس میں اس جماعت نے باہر کی کمیونٹیز کو مدعو کیا ہوا تھا تاکہ امن اور ...... دنیا سے غلط فہمیوں کی بجائے ایک تعارف حاصل ہوجائے۔ یہ کانفرنس جس میں ان کے عالمی لیڈر مرزا مسرور احمد جو لندن میں رہائش پذیر ہیں اور پہلی مرتبہ امریکہ آئے ہیں ان کو دیکھا ہے۔ اس کانفرنس کا اختتام آج ہوگا۔

## مسرت کا سماں

